حکومت پاکستان

ریونیو ڈویژن

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

*****

اسلام آباد، 8 جنوری، 2019ء

نوٹیفکیشن

(انکم ٹیکس)

ایس آر او-2019/(I)29- فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ 237 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت حاصل اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے انکم ٹیکس رولز، 2002ء میں مندرجہ ذیل مزید ترامیم کی ہیں، یہ ترامیم متذکرہ دفعہ کی ذیلی دفعہ (3) کے تقاضوں کے مطابق، قبل ازیں نوٹیفکیشن نمبر SRO.1321(I)/2018 بتاریخ 2 نومبر، 2018ء شائع ہو چکی ہیں، یعنی:-

متذکرہ بالا قواعد کے باب VIIIA میں مندرجہ ذیل مزید ترامیم کی گئی ہیں، یعنی:-

(1) قاعدہ 39B کے ذیلی قاعدہ (1) میں،

A. شق (d) کو حذف کر دیا جائے گا،

B. شق (e) میں-

i. جملے "معاف ہونے ولے قرضوں کی سٹیٹمنٹ" کو الفاظ "قرضے کی سٹیٹمنٹ پر منافع" سے بدل دیا جائے گا؛ اور

ii. جملے "کرنسی ٹرانزیکشن رپورٹ، مشکوک ٹرانزیکشنز کی رپورٹ، بینکنگ کمپنی کے مرکزی ڈیٹا پر آن لائن رسائی کے ذریعے حاصل ہونے والے کسی بھی قسم کی معلومات" کو حذف کر دیا جائے گا؛

C. شق (g) کو حذف کر دیا جائے گا؛ اور

D. شق (h) کو مندرجہ ذیل سے بدل دیا جائے گا، یعنی:-

(h) "قرضے کی سٹیٹمنٹ پر منافع" کا مطلب ہے قرضے کی سٹیٹمنٹ پر وہ منافع جس کی تخصیص فارم C کے ذریعے کی گئی ہے؛

(2) قاعدہ 39C میں،

(A) ذیلی قاعدہ (1) میں-

i. لفظ "فراہم کردہ" کو الفاظ "FBR کے ویب پورٹل پر الیکٹرانک طریقے سے پر شدہ" سے بدل دیا جائے گا؛

ii. جملے "معاف ہونے والے قرضوں کی سٹیٹمنٹ، کرنسی ٹرانزیکشن رپورٹ اور مشکوک ٹرانزیکشنز کی رپورٹ" کو الفاظ "اور قرضوں کی سٹیٹمنٹ پر منافع" سے بدل دیا جائے گا؛ اور

(B) ذیلی قاعدہ(3) میں، جملے "اور (2)" کو حذف کر دیا جائے گا؛

(3) قاعدہ 39E،-

(A) ذیلی قاعدہ(1) میں-

i. الفاظ "بورڈ کو فراہم کردہ" کو الفاظ "FBR کے ویب پورٹل پر الیکٹرانک طریقے سے پر شدہ" سے بدل دیا جائے گا؛

ii. جہاں بھی لفظ "اور" آئے گا اسے کوما سے بدل دیا جائے گا؛

iii. جہاں لفظ "سٹیٹمنٹ" دوسری بار آئے گا اس کے بعد الفاظ "اور نکالی گئی کیش کی سٹیٹمنٹ" کا اضافہ کیا جائے گا؛ اور

iv. جملے "فارم B" کے بعد جملے "فارم D" کا اضافہ کیا جائے گا؛

(B) ذیلی قاعدہ(2) میں-

i. الفاظ "بورڈ کو فراہم کردہ" کو الفاظ "FBR کے ویب پورٹل پر الیکٹرانک طریقے سے پر شدہ" سے بدل دیا جائے گا؛

ii. جملے "معاف ہونے والے قرضوں کی سٹیٹمنٹ" کو الفاظ "قرضوں کی سٹیٹمنٹ پر منافع" سے بدل دیا جائے گا؛ اور

(C) ذیلی قاعدہ(3) کو حذف کر دیا جائے گا؛

(4) قاعدہ 39F، ذیلی قاعدہ(1) میں، لفظ "معلومات" کے بعد، الفاظ "فارم A اور فارم B میں" کا اضافہ کیا جائے گا؛ اور

(5) فارم C کو مندرجہ ذیل سے بدل دیا جائے گا، یعنی:-

فارم C

(دیکھیے قاعدہ 39B(1)(h))

قرضے کی سٹیٹمنٹ پر منافع

رپورٹنگ بینکنگ کمپنی________________________________

بینکنگ کمپنی کا آفیسر________________________________

قرضوں پر منافع حاصل کرنے والے ایسے فائلرز کی معلومات جن کا منافع ایک ملین روپے سے زائد اور ایسے نان فائلرز کی معلومات جن کا منافع پانچ لاکھ روپے سے زائد ہو اور ان سے مالی سال________ کے لیے کاٹے گئے ٹیکس کی معلومات

سیریل نمبر	نام	CNIC	تازہ ترین کوائف بشمول پتہ (پتے)	سال کے دوران قرضے پر منافع کی مالیت	کاٹا گیا ٹیکس	ریمارکس
(1)	(2)	(3)	(4)	(5)	(6)	(7)

[F.No.1(69)Rules & SROs/2018]

(اعجاز حسین)

سیکرٹری(Rules & SROs)